## فیس بک'' پرنبی آخرالزماں سرکاردوعالم حضرت محمد مصطفی ﷺ کے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت

## پرایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کاسخت اظہار مذمت

## اس شیطانی حرکت سے پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے

## فیس بک چلانے والی کمپنی اور پروپرائٹرز گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر پوری ملت اسلامیہ سے معافی مانگیں۔الطاف حسین

## ایسے نازیبااور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کی تحقیقات کروائی جائے اوراسکے ذمہ دارافرادکوڈھونڈ نکال کرانہیں سخت سزادی جائے

لندن۔۔۔ 20 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے'' فیس بک'' پرنبی آخرالزماں سرکاردوعالم حضرت محمد مصطفی ﷺ کے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس شیطانی حرکت سے پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کے ایک ارب سے زائد مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے اوران کے جذبات مجروح ہوئے ہیں لہٰذا فیس بک کی ویب سائٹ چلانے والی کمپنی اور پروپرائٹرز کو چاہیے کہ وہ فیس بک پر سرکاردوعالمؐ کے بارے میں نازیبااور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر پوری ملت اسلامیہ سے معافی مانگیں۔جناب الطاف حسین نے فیس بک سمیت تمام ویب سائٹس اورنیٹ ورکس کے ذمہ داران سے اپیل کی کہ ایسا کوئی بھی موادجس سے مسلمانوں یاکسی بھی مذہب کے ماننے والوں کی دل آزاری ہواس کی اشاعت سے گریز کیا جائے اور مذہبی جذبات کومجروح کرنے والے موادکی اشاعت کو بلاک کیا جائے۔آخر میں انہوں نے فیس بک کے پروپرائٹرز سے کہا کہ ایسے نازیبا اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کی تحقیقات کروائی جائے اوراس کے ذمہ دارافرادکوڈھونڈ نکال کرانہیں سخت سزادی جائے۔

## الطاف حسین سندھ کے مستقل باشندوں کے مابین امن وبھائی چارہ قائم کرناچاہتے ہیں،رابطہ کمیٹی

## قائدتحریک کافکروفلسفہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کیلئے بڑاچیلنج بن گیا ہے

## بھٹ شاہ میں سندھ کنونشن سلسلے میں ملاکھڑااسٹیڈیم میں جلسہ گاہ کامعائنہ،صحافیوں سے گفتگو

بھٹ شاہ۔۔۔20مئی2010ء

سندھ کے مظلوم ومحکوم طبقہ کو جاگیردارانہ نظام کے تسلط سے آزادکرانے کیلئے سندھ کنونشن اہم سنگ میل ثابت ہوگا ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنورنویدجمیل،اشفاق منگی اورسلیم تاجک نے بھٹ شاہ میں سندھ کنونشن کے سلسلے میں ملاکھڑااسٹیڈیم میں جلسہ گاہ کے معائنے کے موقع پرصحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے قائدتحریک الطاف حسین کافکروفلسفہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کیلئے بڑاچیلنج بن گیا ہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین سندھ کے مستقل باشندوں کے مابین نفرتوں اورعداوتوں کا خاتمہ کرکےصوبے میں امن وبھائی چارہ قائم کرناچاہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ الطاف حسین اوران کے کارکنان سندھ دھرتی کے بیٹے ہیں اورایم کیوایم نے ہمیشہ سندھ کے مفادات کیلئے آوازاٹھائی ہے اور قائدتحریک کی خصوصی ہدایت پرحق پرست قیادت نے اراکین اسمبلی،سینیٹرزاوروزراء کے فنڈ سے اندرون سندھ متعدد ترقیاتی کام کرائے ہیں،صوبہ سندھ پاکستان کی شہ رگ ہےاورایم کیوایم صوبہ سندھ کی ترقی اورصوبے کےمستقل باشندوں کی خوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور 28مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والا''سندھ کنونشن'' شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے شہر سے ملک بھر میں قائدتحریک کے پیغام محبت کومزیدفروغ دینے کی ضمانت ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں اوروڈیروں نے گذشتہ 62سال سے سندھ کے غریب عوام کوبھوک وافلاس کے سوا کچھ نہیں دیااب غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھن والے عوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہو چکا ہے اوراب وہ کسی کے بہکاوے میں ہرگزنہیں آئیں گے۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جلسہ گاہ اوراس کے اطراف کے مقامات کادورہ کیااورانتظامات کا جائزہ لیا۔علاوہ ازیں انہوں نے درگاہ شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین نازن سائی سے بھی ان کی رہائشگاہ پرملاقات کی اورانہیں قائدتحریک الطاف حسین کاسلام پہنچایا۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیرزبیراحمدخان،حق پرست ارکان اسمبلی صلاح الدین،طیب حسین،اکرم قریشی،وسیم حسین کےعلاوہ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمرقریشی واراکین انورسلیم،وحیداسلم،متحدہ قومی موومنٹ حیدرآبادزون کے انچارج محمدشریف واراکین زونل کمیٹی محمدفاروق،خالدحسین،ڈاکٹرافضال،راشدخلیجی،توحید احمد،مبین شیخ،صلاح الدین اورفیروزخانزادہ بھی ان کے ہمراہ تھے

## سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری، مزید ہزاروں افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت
## رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں میرپورخاص، نوابشاہ، سانگھڑ، جامشورو، ٹھٹھہ اور بدین زونز میں قائم کیمپس پر عوام کا رش

حیدرآباد۔۔۔(بیس کیمپ)20مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری ہے اور رکنیت سازی مہم کے چوتھے روز بھی ایم کیوایم میرپورخاص، نوابشاہ، سانگھڑ، جامشورو، ٹھٹھہ اور بدین زونز کے تحت 28 علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے جہاں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور 28 مئی کے سندھ کنونشن میں اپنی بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں جمعرات کے روز ایم کیوایم کے 8 زونوں کے تحت رکنیت سازی کیمپس قائم کیے گئے جن میں ایم کیوایم میرپورخاص زون کے تحت سیکٹر ڈی، یوسی ٹنڈو جان محمد، سیکٹر جھڈو جبکہ ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت یونٹ کمب لیماں آفس (نزد مین نیشنل ہائیوے)، یونٹ گیچانی (گیچانی میمن چوک)، یونٹ سکرنڈ سٹی (سنیما چوک)، یونٹ قاضی احمد نزد نیشنل بینک مین ہائی وے، یونٹ دولت پور سٹی (نزد یونٹ آفس میمن روڈ) اسی طرح سانگھڑ زون کے تحت سانگھڑ، کھپرو، ٹنڈوالہیار زون کے تحت دھنگانو بوزدار، پیارلنڈ، جامشورو زون کے تحت جھانگارہ، بھان، دل ٹلٹی، عمرکوٹ زون کے تحت تھرمٹھی، مھٹی سٹی، ٹھٹھہ زون کے تحت ٹھٹھہ شہر، مکلی، جنگ شاہی، گجو، وراور ایم کیوایم بدین زون کے تحت بدین سٹی، کڈہن، نندو سٹی، شادی لارج، پنگریو، حیات خاصخیلی سمیت ٹنڈو باگو میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے، جہاں چوتھے روز بھی مختلف برادریوں اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شہریوں نے شدید گرمی کے باوجود ان کیمپوں پر ازخود رابطہ کیا اور ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا کیمپوں پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور زونل انچارج واراکین نے مقامی افراد سے رکنیت سازی کے پُر شدہ فارم وصول کئے اور انہیں ایم کیوایم میں شمولیت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔ رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں اندرون سندھ کے عوام میں زبردست جوش خروش دیکھا جارہا ہے اور رکنیت سازی کے کیمپوں پر لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی دکھائی دی، اس ضمن میں مختلف علاقوں میں رکنیت سازی مہم کی تشہیر کیلئے بینرز اور وال پوسٹر بھی آویزاں کئے گئے ہیں جبکہ رکنیت سازی مہم اور سندھ کنونشن کے سلسلے میں سیکٹرز اور یونٹس کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم بھی لگائے گئے ہیں۔

## وادی ہنزہ جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری
## عوام اور مخیّر حضرات ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں امدادی سامان جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں ہنوز جاری ہیں جبکہ ہنزہ متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کی ایک ٹیم آئندہ متاثرہ علاقے میں روانہ کی جائے گی جو متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کرے گی۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کے آٹھویں روز بھی حق پرست عوام اور مخیّر حضرات نے بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر رابطہ کیا اور بھاری مقدار میں نقد عطیات، اشیائے خوردونوش، اشیائے صرف اور ادویات جمع کرائی جبکہ مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقے خصوصاً مخیّر حضرات صنعتکار، تاجروں اور ملز مالکان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے وادی ہنزہ جھیل متاثرین کی امداد سرگرمیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں اور اپنی بساط کے مطابق امدادی اشیاء اور نقد عطیات جمع کروا رہے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کراچی، حیدرآباد اور صوبہ پنجاب میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں غذائی اجناس، کمبل، خیمے اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں۔

## دہشت گردی بدعنوانی کے نظام کی پیداوار ہے۔
## عوام کو دہشت گردی کے انسداد کیلئے خود میدان میں آنا ہوگا۔

20مئی،2010ء

دہشت گردی اور فتنہ خوارج کے حوالے سے طاہرالقادری کی تصنیف کی تقریب رونمائی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی کا موجودہ نظام دہشت گردی کے فروغ میں منافقانہ کردار ادا کر رہا ہے اور یہ دہشت گردی اسی بدعنوانی کے نظام کی پیداوار ہے۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے ڈیلیگیشن میں شریک زونل سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار بخاری نے کہا کہ عوام کو دہشت گردی کے انسداد کیلئے خود میدان عمل میں آنا ہوگا اور جمہوری رویوں اور نظام کو فروغ دیے بغیر اس کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔ایم کیو ایم وفد نے اس موقع پر میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہر موقع پر دہشت گردی کی بھرپور مذمت کی ہے اور اس عمل کی شدید مخالفت کی ہے اور قائد تحریک کا پیغام بھی وہ شعور کا پیغام ہے جو جمہوری عمل کیلئے دہشت گردی کا خاتمہ کر سکتا ہے اور محنت کش غریب طبقات کی قیادتیں آگے آ کر بدعنوانی کے نظام سے ریاست کو نجات دلا کر پاکستان کو مضبوط کر سکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

## جھنگ میں پولیس کی جانب سے خاتون کو سرعام تشدد کا نشانہ بنانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔20مئی2010ء

ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی اراکین نے صوبہ پنجاب کے ضلع جھنگ میں پولیس افسران کی جانب سے خاتون کو سرعام تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلام میں خواتین کا اعلیٰ مقام ہے لیکن یہ انتہائی افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں خواتین کیساتھ ظلم و زیادتی کے واقعات میں زور بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور قانون کے رکھوالے ہی خواتین کو نہ صرف سرعام تشدد بلکہ انہیں اپنی ہوس کا نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ایم کیو ایم شعبہ خواتین نے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں پولیس کی غیر قانونی حرکات اور خواتین کے ساتھ ہونے والے افسوسناک واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور جھنگ میں خاتون پر تشدد میں ملوث پولیس افسران کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن یونٹ KDA کے کارکن فیصل نصیر کے والد نصیر احمد،ابرنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کے کارکن محمد عقیل خانزادہ کی والدہ محترمہ شیر بانو، نیو کراچی سیکٹر شعبہ خواتین کی رکن ریحانہ رئیس کے صاحبزادے نوید رئیس اور ایم کیو ایم پنجاب لاہور زون کے کارکن مجاہد علی گل کے صاحبزادے ریحان علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے(آمین)

☆☆☆☆☆